9209 ـ کیا کرسی کی پچھلی ٹانگیں صف کے برابر کی جائیں ؟

سوال

کیا مسجد میں کرسی پر بیٹھ کر نماز ادا کرنے والا شخص کرسی کی پچھلی ٹانگیں نمازیوں کی ٹانگوں کے برابر رکھے، یا کہ کرسی کی اگلی ٹانگیں ان کے برابر کرے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

کرسی کی پچھلی ٹانگیں نمازیوں کے پاؤں کے برابر کرے.

سوال:

لیکن اگر یہ شخص کھڑا ہو تو صف سے آگے ہو گا ؟

جواب:

وہ کھڑا ہونے والا نہیں چنانچہ وہ اپنی پچھلی سائڈ نمازیوں کے پاؤں کے برابر کرے.

واللہ اعلم .